سوال

(188) حیض کچھ دنوں کے وقفے کے بعد آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

ایک عورت کو ماہانہ ایام شروع ہوئے پھر وہ پاک ہوگئی اور غسل کرلیا، تقریبا نو دنوں بعد پھر اسے خون آنے لگا اور تین دن تک اس نے نماز نہیں پڑھی، پھر وہ پاک ہوگئی اور گیارہ دن نماز پڑھی پھر اس کے بعد معروف ایام شروع ہوگئے، تو کیا درمیان میں تین دن جو اس نے نماز نہیں پڑھی ہے وہ حیض کے شمار ہوں گے یا اسے ان دنوں کی نمازیں دُہرانا ہوں گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جب حیض آئے تو وہ حیض ہوتا ہے۔ خواہ دو حیضوں کے درمیان کی مدت لمبی ہو یا مختصر۔ جب ایک عورت نے حیض کے بعد غسل کرلیا ہو اور پھر پانچ یا چھ یا دس دن کے بعد یہ عمل دوبارہ شروع ہوجائے تو یہ توقف کرے اور نماز نہ پڑھے، کیونکہ یہ حیض ہے۔ اور ہمیشہ کےلیے یہی ہے کہ جب بھی یہ پاک ہو اور پھر حیض شروع ہوجائے تو اسے توقف کرنا ہوگا۔ لیکن اگر اسے خون مسلسل ہی جاری رہے اور رکے نہیں تو یہ مستحاضہ ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 201

محدث فتویٰ